## نائیجیریا کے صدر عمر موسیٰ یار آدووا کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔7مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نائیجیریا کے صدر عمر موسیٰ یار آدووا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے نائیجرین حکومت،عوام اور مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے کہا کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت متحدہ قومی موومنٹ کا ایک ایک کارکن برابر کا شریک ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عمر موسیٰ یار آدووا مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور مرحوم کے تمام سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ڈی سینٹرلائزیشن کئے بغیر اور عوام کو نچلی سطح پر خودمختار بنائے بغیر ترقی کا سفر جاری نہیں رہ سکتا۔سید مصطفیٰ کمال

## کراچی کی ترقی پوری دنیا کیلئے ایک رول ماڈل ہے،اگر نیک نیتی اور کمٹمنٹ ہوتو نامساعد حالات میں بھی شہروں اور ملک کو ترقی دی جاسکتی ہے

## فیوڈل سسٹم ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے،ترقی کیلئے فیوڈل سسٹم کا خاتمہ اور مڈل کلاس آگے آنا ضروری ہے

## سابق سٹی ناظم کراچی واشنگٹن میں ورلڈ بینک کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے استقبالیہ سے خطاب

## ورلڈ بینک کی مینیجر جولیا بکنل،ورلڈ بینک کے ڈائریکٹر کنگ ڈم اور ورلڈ بینک کی ڈائریکٹر برائے مشرق وسطیٰ محترمہ شمشاد اختر کی جانب سے سابق سٹی ناظم کے کام کی تعریف

واشنگٹن۔۔۔7 مئی 2010ء

سابق سٹی ناظم کراچی اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ڈی سینٹرلائزیشن کئے بغیر اور عوام کو شہروں اور نچلی سطح پر خودمختار بنائے بغیر ترقی کا سفر جاری نہیں رہ سکتا۔انہوں نے یہ بات واشنگٹن میں ورلڈ بینک کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ استقبالیہ میں ورلڈ بینک کی مینیجر ETWWA جولیا بکنل (Julia Bucknal )،ورلڈ بینک کے ڈائریکٹر کنگ ڈم (Mr. Kingdom )ورلڈ بینک کی ڈائریکٹر برائے مشرق وسطیٰ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی سابق گورنر محترمہ شمشاد اختر،ایشیائی ممالک میں ورلڈ بینک کے مختلف مشن کے ڈائریکٹرز اور کئی اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔مصطفیٰ کمال نے اپنے خطاب میں اربن ڈیولپمنٹ سسٹم،ترقی میں عوام کی شرکت کی اہمیت اور ترقی کیلئے ایم کیو ایم کے وژن کے بارے میں اظہار خیال کیا۔انہوں نے کراچی کی اہمیت بیان کرتے ہوئے اپنے دور میں ہونے والے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کراچی دنیا کا سب سے بڑا مسلم شہر ہے جو وسط ایشیاء کا گیٹ وے ہے۔کراچی آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا شہر ہے لیکن قیام پاکستان کے بعد سے اب تک اس کا کوئی ماسٹر پلان نہیں تھا،ہم نے 2005ء میں کراچی سٹی گورنمنٹ کا نظام سنبھالنے کے دو سال بعد پہلی مرتبہ شہر کا ماسٹر پلان بنایا،شہر کے انفرااسٹرکچر کی تعمیر کی اور منظّم انداز میں شہر میں ترقیاتی منصوبے شروع کئے۔ہم نے شہر میں ٹریفک جام کے مسئلے کو حل کرنے کیلئے فلائی اوور اور انڈر پاسز پر مشتمل سگنل فری کوریڈور کے تین بڑے منصوبے مکمل کئے جبکہ چوتھا منصوبہ زیر تکمیل ہے۔2005ء سے قبل شہر کا 45 فیصد حصہ پانی سے محروم تھا،ہم نے پانی کا مسئلہ حل کیا اور بابا آئی لینڈ، بھٹ آئی لینڈ،صالح آباد اور شمس پیر جیسے جزائر جو 300 سال سے پانی سے محروم تھے وہاں پانی پہنچایا اور وہاں سڑکیں تعمیر کیں،سیوریج اور پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنایا،سوشل سیکٹر پر خصوصی توجہ دی۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی میگا سٹی کیلئے ماس ٹرانزٹ بہت ضروری ہے،ہم نے کراچی ماس ٹرانزٹ کیلئے بہت کوششیں کیں لیکن حکومتی رکاوٹوں کے باعث ماس ٹرانزٹ منصوبہ شروع نہیں کیا جاسکا۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ عوام کو شامل کئے بغیر اوران میں احساس شراکت پیدا کئے بغیر ترقی کا عمل تیز نہیں ہوسکتا لہٰذا ہم نے کراچی میں شہریوں کو بھی ترقی کے اس عمل میں شریک کیا اور ''آئی اون کراچی'' پروگرام شروع کیا۔کراچی کی ترقی پوری دنیا کیلئے ایک رول ماڈل ہے کہ اگر نیک نیتی اور کمٹمنٹ ہوتو نامساعد حالات میں بھی شہروں اور ملک کو ترقی دی جاسکتی ہے۔انہوں نے مقامی حکومتوں کے نظام کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ مقامی حکومتیں قائم کی جائیں اور انہیں خودمختار بنایا جائے تو شہروں میں ترقی ہوگی اور کراچی کی ترقی اس کیلئے ایک مثال ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں فیوڈل سسٹم رائج ہے جو ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے،ترقی کیلئے فیوڈل سسٹم کا خاتمہ اور مڈل کلاس آگے آنا ضروری ہے۔مصطفیٰ کمال نے اس موقع پر حاظرین کے مختلف سوالات کے جوابات بھی دیے۔قبل ازیں ورلڈ بینک کی ڈائریکٹر برائے مشرق وسطیٰ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی سابق گورنر محترمہ شمشاد اختر نے اپنے خیر مقدمی کلمات میں سابق سٹی ناظم کے دور میں کئے جانے والے ترقیاتی کاموں کو مثالی قرار دیا اور ان کے وژن کی تعریف کی۔ورلڈ بینک کی مینیجر جولیا بکنل (Julia Bucknal ) نے اختتامی کلمات ادا کئے اور ورلڈ بینک کی دعوت پر تشریف لانے پر مصطفیٰ کمال کا شکریہ ادا کیا۔

**ایم کیوایم فیصل آباد کے آفس پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ بزدلانہ اور ایم کیوایم کے نظریئے کے فروغ سے خوفزدہ عناصر کی کارروائی ہے، رابطہ کمیٹی**

**پنجاب کنونشن کی کامیابیوں نے فرسودہ نظام کی جڑوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ**

**جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے پروردہ عناصر ایم کیوایم کے خلاف ایک مرتبہ پھر سرگرم ہو گئے ہیں**

**ایم کیوایم تمام تر اوچھے ہتھکنڈوں کے باوجود ملک بھر کے عوام کو فرسودہ نظام کے چنگل سے چھٹکارا دلانے کی عملی جدوجہد کرتی رہے گی**

**وزیراعلیٰ پنجاب اور وزیرداخلہ پنجاب ایم کیوایم فیصل آباد کے سمن آباد میں واقع دفتر پر مسلح دہشت گردوں کے حملے کا سختی سے نوٹس لیں**

کراچی ۔۔۔7، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے فیصل آباد کے علاقے سمن آباد میں ایم کیوایم کے ڈسٹرکٹ آفس پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو بزدلانہ اور صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ سے خوفزدہ عناصر کی مذموم کارروائی قرار دیا ہے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے غریب ومظلوم عوام جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے تسلط سے آزادی حاصل کرنا چاہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف تمام تر منفی پروپیگنڈوں کے باوجود صوبہ پنجاب کے غریب ومظلوم عوام بڑی تعداد میں ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہو گئے ہیں جس کا ثبوت گزشتہ دنوں ایم کیوایم کے تحت ہونے والے پنجاب کنونشنز کی بھرپور کامیابیاں ہیں ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم  فیصل آباد کے ڈسٹرکٹ آفس پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ ثابت کرتی ہے کہ صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سازشی عناصر کو ایک آنکھ نہیں بھارہی ہے ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم نظریاتی تحریک ہے اور اس تحریک سے وابستہ کارکنان کو اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرکے نہ تو کل خوفزدہ کیا جاسکا ہے اور نہ ہی انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اب دور رکھا جاسکتا ہے ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پنجاب کے غریب ومظلوم عوام نے پنجاب کنونشنز میں بھرپور شرکت کرکے ایم کیوایم پر جس کھلے اعتماد کا اظہار کیا ہے اس نے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کی جڑوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ فرسودہ نظام کے پروردہ عناصر ایک مرتبہ پھر ایم کیوایم کے خلاف سرگرم ہو گئے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔رابطہ کمیٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایم کیوایم تمام تر اوچھے ہتھکنڈوں کے باوجود ملک بھر کے عوام کو فرسودہ نظام کے چنگل سے چھٹکارا دلانے کی عملی جدوجہد کرتی رہے گی اور انشاءاللہ ایک دن ضرور حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں کی بدولت حق پرستی کی تحریک اپنی منزل پالے گی ۔رابطہ کمیٹی نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم فیصل آباد کے سمن آباد میں واقع آفس پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے ۔

**ایم کیوایم فیصل آباد کے ضلعی دفتر پر نامعلوم افراد کی طرف سے ہونے والی فائرنگ کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں،**

**استحصالی نظام کے رکھوالے پنجاب میں تیزی سے بڑھتے ہوئے حق پرستی کے پیغام کو روکنے کے لئے اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں، عنصر علی بُٹر**

**مسلح حملہ آوروں کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقع سزادی جائے ارباب اختیار سے مطالبہ**

لاہور۔۔۔۔۔۔07، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ سینٹرل زون کے سیکرٹری اطلاعات عنصر علی بُٹر نے ایم کیوایم فیصل آباد کے ضلعی دفتر پر نامعلوم افراد کی طرف سے ہونے والی فائرنگ کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔عنصر علی بُٹر نے ڈسٹرک کمیٹی کے اجلاس کے دوران مسلح حملہ آوروں کی طرف سے اندھادھند کی جانے والی فائرنگ کی مذمت کرتے ہوئے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا کہ استحصالی نظام کے رکھوالے پنجاب میں تیزی سے بڑھتے ہوئے حق پرستی کے پیغام کو روکنے کے لئے اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں مگر ایم کیوایم ایسے اوچھے ہتھکنڈوں  اور بزدلانہ مسلح کاروائیوں سے ڈرنے والی نہیں اور مزید تیزی سے پنجاب میں اپنی پرامن جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی ۔انہوں نے مزید کہا کہ جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کو پنجاب میں پھیلانے کے لیئے ایم کیوایم کے کارکن ہر قسم کی قربانی کے لیئے تیار ہیں اور ایم کیوایم عوامی طاقت سے فرسودہ استحصالی نظام کو بہا لے جائے گی ۔دریں اثناں انہوں نے متعلقہ انتظامیہ، ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ وہ مسلح حملہ آوروں کی ایم کیوایم کے ضلعی دفتر پر اندھادھند فائرنگ کا فی الفور نوٹس لیں اور حملہ آوروں کو گرفتار کرکے قرار واقع سزادیں ۔

## ملک سمیت دنیا بھر میں یہ تاثر ابھر رہا ہے کہ ایم کیوایم ملک وقوم کو تمام مسائل سے چھٹکارا دلاسکتی ہے، حق پرست سینیٹرز
## ایم کیوایم کا مستقبل روشن ہے، ایم کیوایم ملک وقوم کے مستقبل کو بھی درخشاں بنائے گی، ملک بھر کا مظلوم طبقہ ایم کیوایم کا ساتھ دے

کراچی۔۔۔7مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو شروع دن سے ہی ملک میں گڈ گورننس کے قیام، کرپشن سے پاک معاشرے اور 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے بنیادی حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور آج نہ صرف ملک بھر بلکہ دنیا میں یہ تاثر ابھر رہا ہے کہ ایم کیوایم کو اگر ملک کا مکمل اقتدار دیدیا جائے تو وہ ملک وقوم کو تمام مسائل سے چھٹکارا دلاسکتی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم محبّ وطن جماعت ہے اور ملک کی کسی بھی قومیت کے خلاف نفرت اور تعصب کے جذبات نہیں رکھتی بلکہ سب کو برابر کا پاکستانی شہری تسلیم کرتی ہے، ایم کیوایم کو حق پرستانہ جدوجہد سے روکنے کیلئے نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کی جانب سے کی جانے والی سازشوں کا پردہ بھی فاش ہو چکا ہے اور سب جان چکے ہیں کہ ایم کیوایم پر بے بنیاد اور جھوٹے الزامات لگانے کا مقصد دراصل ملک بھر کے مظلوم عوام کو ایم کیوایم سے دور رکھنا ہے تاکہ وہ اپنے بنیادی حقوق کے حصول کیلئے ایک پلیٹ فارم پر متحد ہوکر جدوجہد نہ کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم زبانی دعوؤں پر یقین نہیں رکھتی بلکہ عوامی مسائل کے حل کیلئے اس کے نمائندے عملی کوششیں کرتے ہیں جس کی مثال سابق سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کی شاندار کارکردگی سے لگایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کا مظلوم طبقہ ایم کیوایم کا ساتھ دے، سٹی گورنمنٹ کراچی کی طرح ملک کا مکمل اقتدار جس دن بھی ایم کیوایم کو حاصل ہوگا تو ایم کیوایم ملک بھر کے مظلوم عوام کو نہ صرف ان کے جائز حقوق کا حصول یقینی بنائے گی بلکہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے اس گلے سڑے نظام سے معاشرے میں پیدا ہونے والی برائیوں اور ناانصافیوں کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ کردیگی۔ حق پرست سینیٹرز نے کہا کہ عوام کی عملی خدمات کے سبب متحدہ قومی موومنٹ کا مستقبل روشن ہے اور جس طرح سے ایم کیوایم کا مستقبل آج روشن ہے اسی طرح سے ایم کیوایم ملک وقوم کے مستقبل کو بھی درخشاں بنائے گی اور دنیا بھر میں ملک وقوم کا نام روشن کرکے دکھائی گی۔

## کسانوں کو باردانہ کی عدم فراہمی اور گھپلوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی
## کاٹی گئی گندم کی خریداری کا مناسب انتظام کیا جائے، ایم کیوایم کسانوں کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کریگی

کراچی۔۔۔7مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ کسانوں کو باردانہ کی عدم فراہمی اور اس میں گھپلوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گندم کی فصل کیلئے باردانہ حکومت کی طرف سے کسانوں کو فراہم کیا جاتا ہے لیکن بعض مفاد پرست عناصر نے باردانہ کو ساز باز کرکے غائب کردیا ہے جس کے باعث کسانوں میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب گندم کی فصل بھی کٹ چکی ہے دوسری جانب وہ کھلے میدانوں اور کھیت میں کھلی پڑی ہے جس کے باعث اس فصل کے ضائع ہونے کا خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاٹی گئی گندم کی خریداری کا مناسب انتظام کیا جائے جبکہ اس گندم کو بیرون ملک ایکسپورٹ کرکے زرمبادلہ بھی کمایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کو باردانہ کی عدم فراہمی اور اس میں گھپلے زرعی ملک پر دھبہ کے مترادف ہے اور متحدہ قومی موومنٹ کسانوں کے ساتھ ہونے والی اس ناانصافی کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کرے گی۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کسانوں کو باردانہ کی عدم فراہمی اور اس میں گھپلوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، کاٹی گئی گندم کو ضائع ہونے سے بچانے کیلئے اس کی خریداری کا فی الفور انتظام کیا جائے اور باردانہ کی عدم فراہمی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 141 کے کارکن اخلاق احمد عظیم کے والد چمن شاہ، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 158 کے کارکن فرحان کی ہمشیرہ محترمہ زاہدہ، ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 48 کے کارکن پرویز احمد صدیقی کی ہمشیرہ محترمہ تسنیم کوثر اور ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 58 کے کارکن اشفاق حسین کی ہمشیرہ محترمہ ثمینہ افسر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆